شاہی نسخہ جات کا نادر و نایاب رسالہ
گلدستہ شاہی
رسالہ قوت باہ
دیوان کاہن چند

فہرست مضامین

باب اول	اس میں قوت باہ کے حلوے بنانے کا ذکر ہے	2
باب دوئم	اس میں قوت باہ کی معجونوں کا ذکر ہے	8
باب سوئم	در باب حبوب قوت باہ	15
باب چہارم	سفوف جو قوت باہ اور امساک لاتے ہیں	21
باب پنجم	در باب ماء اللحم مقوی دل ودماغ	24
باب ششم	عرقیات مقوی باہ	26
باب ہفتم	در باب طلاء مجلوق وکاررفتہ	30
باب ہشتم	فصل اول: شربت ہائے مقوی باہ	36
	فصل دوئم: فالودہ مقوی باہ	37
	فصل سوم: پنڈی جہت قوت باہ ومغلظ منی	38
	فصل چہارم: جہت پوٹلی مجلوق ومفلوج	39
	فصل پنجم: جہت تکور مجلوق	40
	فصل ششم: ضماد مقوی وملذذ	41
	فصل ہفتم: جہت یاقوتی مقوی باہ	42
	فصل ہشتم: مفرد ادویہ ومقدار خوراک جہت قوت باہ	43

گلدستہ شاہی

باب اول:

اس میں قوت باہ کے لئے حلوے بنانے کا ذکر ہے

حلوائے بہمن:

بہمن سرخ، اسگندھ ناگوری ہر ایک ایک چھٹانک میدہ و بیخ شہید کی ڈھائی سیر سب کو باریک کوٹ کر اور کپڑے میں چھان کر سفوف بنا دیں۔ پھر ڈیڑھ من گائے کے دودھ میں سفوف مذکور ملا کر ماوہ بنائیں جب ماوہ تیار ہو جائے تو اسے گھی میں ڈال کر بھون لیں۔ جب ماوہ سرخ ہو جائے تب شہد دس سیر اور کھانڈ بیس سیر کا قوام ملا کر مسد یا کھونچہ سے حل کریں اور حل کرتے وقت ادویہ ذیل لونگ ٹوپی دار ۲ تولہ دار چینی ۲ تولہ جائفل ایک تولہ خولنجان ۳ تولہ کبابہ ۳ تولہ عقر قرحا ۲ تولہ زعفران ایک تولہ مصطگی رومی ۳ تولہ باریک مثل سرمہ کے پیس کر ملا دیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک حسب مزاج ورق طلاء نقرہ حسب مرضی ایزاد کریں۔ پرہیز ترشی بادی۔

نوٹ: یہ دوا قوت باہ کو بڑھاتا اور ماندگی کو دور کرتا ہے۔

حلوائے ادرک:

ادرک بہت باریک کوٹ کر ۵ سیر دودھ میں پکائیں جب ماوہ تیار ہو جائے کھانڈ سفید کا قوام ڈال کر مثل حلوے کے حلوا تیار کر لیں اور بادام و مغز پستہ و قدرے زعفران ڈال کر بوقت قوام شکر تری ملا دیں۔ خوراک ۳ تولہ سے ۵ تولہ تک ہے پرہیز ترشی و بادی۔

نوٹ: ورق نقرہ یا طلاء اگر ملانا چاہیں تو ۳ تولہ ملا دیں۔

حلوائے بادام:

دودھ بھینس کا ۵ سیر لو اور نصف سیر بادام مقشر کو گھوٹ کر اس کی دودھی نکال لو۔ پھر دودھ بادام اور دودھ بھینس کو ملا کر اور کسی قلعی دار برتن میں ڈال کر جوش دو اور جوش دیتے وقت ۱۰ ماشہ

مکھانے ایک سفید اور پاک کپڑے میں باندھ کر دودھ مذکور میں ڈال دو۔ جب دودھ گاڑھا ہونے پر آئے تو پوٹلی مکھانوں کی نکال کر پھینک دو پھر ۳ پاؤ مصری ڈال کر مسد یا کھونچہ سے ہلاتے جاؤ۔ جب مثل ماوہ کے ہو جائے تب ثعلب مصری ۱۵ ماشہ دار چینی لونگ الائچی خورد جائفل ہر ایک ۸ ماشہ باریک پیس کر اور کپڑے سے چھان کر ملا کر ایک جان کر دیں۔ جب حلوا مذکور کو سرد ہونے پر آئے تو ۵ ماشہ زعفران ملا کر اس کو بھی ایک جان کر دیں اور ورق نقرہ یا طلاء ۱۰ ماشہ ملا دیں۔
خوراک ۲ تولہ اور بڑے سے بڑے قوی مرد کو ۶ تولہ تک کافی ہے۔ پرہیز ترشی بادی۔

حلوائے میدہ گندم:

میدہ گندم ۱۲ تولہ آرد نخود ۱۰ تولہ دونوں گائے کے گھی میں بھونیں جب سرخ ہو جائے تو شہد مصفی آدھ سیر کو آب گاجر میں قوام کر کے میدہ مذکور میں ملا دیں۔ اور ہلاتے جائیں جب مثل حلوا ہونے لگے تو ادویہ ذیل دانہ الائچی خورد شقاقل مصری مصطگی رومی لودھ پٹھانی بیج سنبل تودری سفید تودری زرد تودری گلگون عقر قرحا کھیلا کھیلی بہمن سرخ موصلی سیاہ موصلی دکھنی خولنجان کبابہ زعفران مصطگی رومی جائفل مغز بادام مغز چلغوزہ مغز نارجیل تخم خشخاش مغز پستہ مغز گردگان ہر ایک ایک تولہ ثعلب مصری دار چینی جوتری ہر ایک ۵ ماشہ مشک ۳ ماشہ مغز تخم تمر ہندی آدھ پاؤ باستثنائے مغزیات کے سب ادویہ کو کوٹ کر اور مثل سرمہ باریک کر کے کپڑے سے چھان کر حلوے مذکور میں ملا دیں اور مغز بادام کو چھیل کر اور مغز پستہ چلغوزہ نارجیل و گردگان کو باریک چاقو سے کاٹ کر ایسا ملا دیں کہ یک جان ہو جائے۔ بعض حکماء ورق طلاء اور ورق نقرہ بھی حسب ضرورت ملایا کرتے ہیں۔

خوراک: پانچ تولہ تک ہے ان حسب ضرورت جس قدر کم و بیش طبیعت چاہے کھا سکتے ہیں پرہیز ترشی و بادی تا استعمال۔

یہ حلوا نہ صرف قوت باہ ہی کو مفید ہے بلکہ رقت منی کو از حد مفید ہے بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔

حلوا مقوی باہ و مقوی بدن:

بیضہ مرغ ۵۰ عدد لے کر ڈھائی سیر چاولوں کا آٹا اس میں ملا دیں اور گائے کے گھی میں بریاں کریں بعدہ ڈھائی سیر مصری کا قوام تیار کر کے کھونچہ یا مسد سے ہلا دیں۔ جب مثل حلوہ

ہونے لگے تو ادویہ ذیل جائفل ۳ عدد، موچرس ۲۱ ماشہ، کبابہ، لونگ، تج، جاوتری، تخم کونچ، تخم اوٹنگن، گیرو، ہر ایک ۲ تولہ باریک کرکے کپڑ اچھان کرکے حلوا مذکور میں ملا کر کھونچ سے حل کریں۔

خوراک ۲ تولہ علی الصباح۔ پرہیز: ترشی، بادی نا استعمال۔

حلوائے بیضہ مرغ مقوی باہ:

بیضہ مرغ ۵ عدد گھی میں بھون لیں پھر آدھ سیر شکر تری سفید کا قوام بنا کر حلوا بنائیں اور لونگ جوتری، زعفران ہر ایک ۳ ماشہ باریک پیس کر ڈال دیں۔

حلوائے جوز ماثل یعنی دھتورہ:

کہ تقویت باہ اور امساک رفع سستی اعصاب قضیب کو مجربات سے ہے ۵ تولہ تخم دھتورہ، سفید نصف جو کوب شدہ کو لے کر ۵ سیر دودھ گائے اور ایک سیر پانی میں ملا کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی جل جائے اتار کر صاف کرکے ضامن دے کر مسکہ نکالیں اور ایک پاؤ پختہ زردی بیضہ مرغ خام کو پاؤ بھر میدہ نخود میں ملا کر ایک پاؤ روغن زرد اور مسکہ مذکور میں بریاں کریں۔ جب آرد نخود سرخ ہو جائیں تو آدھ سیر شہد خالص مصفے کا قوام ملا کر جلدی جلدی ہلائیں۔ حلوا تیار ہو جائے گا جب سرد ہو جائے تو سفوف دارچینی، جائفل، جاوتری، سونف، ہر ایک ۶ ماشہ اور زعفران ایک درم ملا دیں خوراک ایک تولہ پرہیز ترشی و بادی نا استعمال۔

حلوائے ضمغ عربی:

گوند کیکر ایک سیر لو اور اس کو ڈیڑھ پاؤ روغن زرد میں بریاں کرکے کوٹ کر مثل میدہ کے بنا لو۔ پھر اس میں ایک سیر آرد سنگھاڑہ اور ایک سیر میدہ گندم ملا کر جملہ ۳ سیر وزنی اشیائے کو روغن گائے میں بریاں کرو۔ اور یہ احتیاط ضرور ہے کہ آرد سنگھاڑہ اور میدہ جب سرخ ہونے کو آئیں تب گوند کیکر بریاں ڈال جائے ورنہ جل جانے کا احتمال ہے پھر ۴ سیر شکر تری کا قوام ۲ سیر دودھ اور ۴ سیر پانی میں تیار کرکے اور صاف کرکے ملا دیں اور آگ تیز کرکے کھونچہ سے خوب ہلا دیں۔ جب حلوا بن جائے تو مغز بادام، مغز، مغز پستہ، مغز نارجیل اور مغز اخروٹ پانچ پانچ تولہ اور زعفران ایک تولہ اور سفوف دارچینی، مصطگی رومی، خولنجان، عقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ ملا دیں۔

خوراک ۵ تولہ تک ہے پرہیز ترشی نا استعمال۔

حلوائے نشاستہ:

نشاستہ، سنگھاڑہ و ضمغ عربی یعنی گوند کیکر ہر ایک کو مساوی لو۔ پہلے گوند کیکر گھی گائے میں تل لو پھر نشاستہ اور آرد سنگھاڑہ کو بھون کر سرخ کر لو جب ہر دو آرد سرخ ہو جائیں تو گوند کو مثل میدہ کے کوٹ کر ڈال دو پھر ڈیڑھ گنا وزن بالا سے شکر تری صاف سفید دودھ میں قوام بنا کر ڈال کر جلدی جلدی مسد سے خوب ہلاؤ اس وقت ذرا آگ تیز رہنی واجب ہے۔ پس حلوا تیار ہو جائے گا۔ جب حلوا تیار ہو جائے تو مغز بادام، پستہ و چلغوزہ و اخروٹ، نارجیل پانچ پانچ تولہ ملا دو۔

خوراک حسب مقدار کھا سکتے ہو۔

حلوائے مرکب:

مغز بادام، مغز جوز یعنی اخروٹ ہر ایک ۲۰ تولہ، کوسچہ، دارچینی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ جائفل و لونگ ہر ایک ایک تولہ۔ خرماء دس تولہ۔ ان سب کو بارہ سیر دودھ گائے میں ابال دیں جب ۳ سیر رہ جائے تو سونٹھ سوا تولہ باریک پیس کر اس کا سفوف دودھ مذکور میں ملا دیں اور سرد کرکے بوتل میں بھر کر منہ اس کا مضبوطی سے بند کر دیں ۲ چھٹانک صبح اور ۲ چھٹانک شام ہر روز ۴۰ یوم تک یہ دودھ پیا کریں قوت باہ بے حد بڑھے گی اور افزائش منی ہوگی۔

حلوائے پوست خشخاش:

پوست خشخاش ۳ سیر کو لے کر ۱۰ سیر پانی میں جوش دو جب آدھا پانی رہ جائے تو پوست کو نکال کر پھینک دو اور پانی کو صاف کرکے علیحدہ رکھو پھر ادویہ ذیل کا سفوف بنا کر پانی مذکور میں ملا دو ادویہ یہ ہیں کہ مگھاں ۳ تولہ، موصلی ۳ تولہ، لونگ ۴ تولہ، دالان بزرگ و خورد ۳ تولہ، گلوی ۳ تولہ، دانہ خشخاش ۳ تولہ، خولنجان یعنی جڑپان ۲ تولہ، مصطگی ۲ تولہ، ناگ کیسر ۲ تولہ، اسگند ۳ تولہ پھر ان دوائیوں اور باقی پوست کو ایک سیر گھی میں ڈال کر جوش دو جب پانی جل جائے اور صرف روغن رہ جائے تو گھی مذکور میں میدہ گندم ڈال کر بھون لو جب وہ لال ہو جائے تو مصری کا قوام حسب مقدار آرد گندم میں ڈال کر حلوا بناؤ۔

نوٹ: یہ خیال رہے کہ صاف کر لینا چاہئے اور کوئی جلی ہوئی دوائی اس میں نہ رہنے پائے۔

حلوائے انبہ مقوی باہ:

وسولد منی میٹھے آموں کا شیرہ تین سیر شکر سفید یعنی کھانڈ ایک سیر' گائے کا گھی آدھ سیر' گائے کا دودھ ایک سیر' شہد پاؤ بھر' سونٹھ ایک تولہ' پیپل ۶ ماشہ' ستاور ایک تولہ۔ ثعلب مصری' مغز بادام ہرایک ۴ تولہ۔ خولنجان ۶ ماشہ' بہمن سرخ بہمن سفید ہر واحد ایک تولہ۔ سنبل کا موصلہ ایک تولہ' سنگھاڑہ خشک ۴ تولہ' خرما کوٹے ہوئے ۴ تولہ' پہلے دودھ میں کھانڈ ڈال کر شربت پکائیں اور بعد مغزیات کو پیس کر گھی میں بھون کر شیرہ آنبہ میں ملا دیں پھر ادویہ کا سفوف باریک کپڑ چھان کیا ہوا شربت اور شیرہ آنبہ میں ملا کر کسی قلعی دار صاف برتن میں بھر کر آگ پر چڑھا دیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب مثل فالودہ کے ہو جائے۔ تو اتار کر کسی قلعی دار برتن میں جما دیں۔

خوراک ۲ تولہ پرہیز کچھ نہیں۔

حلوائے شکر قندی:

شکر قندی ابال کر چھیل لیں۔ پھر اس کے گودہ کو روغن زرد میں بھون لیں جب لال ہو جائے تو شربت کھانڈ سفید ڈال کر خوب لت کریں اور خوشبویات کیوڑہ گلاب اور مغز بادام پستہ ڈال کر جب مثل حلوا ہو جائے آگ سے اتار لیں اور حسب مقدار کھایا کریں۔ یہ حلوا منی کو گاڑھا کرتا ہے اور پیدا کرتا ہے۔

حلوائے معمولی بیضہ مرغ:

بیضہ ہائے مرغ کو لے کر بمقدار ہر بیضہ ایک تولہ مصری ملا کر گھی میں لت کر کے کوئلوں کی آگ پکا دیں اور کھائیں۔

حلوائے بیضوئے:

زردی بیضہ مرغ ۱۰۰ عدد' آرد برنج' مصری' گھی گائے ہر ایک ۵ سیر۔ موچرس' کبابہ' دارچینی' لونگ' جائفل' بسباسہ' تخم کونچ' تخم پیاز' ثعلب مصری' شقاقل ہر ایک ۱۶ تولہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ پھر زردی انڈوں اور آرد برنج کو کف دست سے مل کر اور گھی داغ کر بھونیں

پھر مصری کا قوام بنا کر ڈال دیں اور کفچہ سے خوب ہلا دیں تا کہ یکجان ہو کر حلوا تیار ہو جائے۔ جب سرد ہو جائے تو سفوف کوفتہ پختہ ملا دیں خوراک دودھ گائے کے ساتھ چھ ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک ہے۔

بادشاہی حلوا:

میدہ گندم ایک سیر پختہ' آرد نخود ایک سیر وزن پختہ' روغن زرد ایک سیر' مصری ۳ سیر' مغز پنبہ دانہ ڈیڑھ پاؤ' خولنجان پانچ تولہ' گوند کیکر ایک پاؤ' گوند پہلے گھی میں بھونیں پھر مغز پنبہ دانہ اور خولنجان یعنی جڑ پان کو ملا کر خوب باریک کریں اور کپڑے میں چھان کر آرد گندم و نخود میں ملا کر گھی ڈال کر بھونیں اور گوند کو باریک پیس کر اس میں ملا دیں۔ جب سرخ ہونے پر آئے تو شربت مصری کا قوام ڈال کر خوب لت پت کریں جب حلوا تیار ہو جائے استعمال کریں۔

(نوٹ): آرد گندم جب سرخ ہونے پر آئے تب گوند داخل کریں ورنہ اس کے جل جانے کا احتمال ہے۔

یادداشت:

مدت استعمال ہر ایک حلوا دو ہفتہ تک واجب ہے۔

باب دوم:

اس میں قوت باہ کی معجونوں کا ذکر ہے

معجون شہنشاہی:

یہ معجون مقوی باہ دماغ، دل، جگر ہے موتی سفید ایک تولہ ابرایشم خام ۲ تولہ چونیاں مشک خالص ۳ ماشہ، عنبر خالص خوشبودار ۶ ماشہ، زعفران ۲ تولہ، سنبل الطیب دو ماشہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ، عودغرتی ۱۰ ماشہ، لونگ ۲ ماشہ، ثعلب مصری ۱۰ ماشہ، سرفہ ۲ تولہ، تخم انگنن ۲ تولہ، دارچینی ۶ ماشہ، صندل سفید ۵ ماشہ، دھنیا ۱۰ ماشہ، طباشیر سفید ۴ ماشہ، بہمن سرخ ۳ ماشہ، بوزیدان ۳ ماشہ، عقرقرحا ۳ ماشہ، مایہ شتراعرابی ۶ ماشہ، مغز حب القطن ۲ تولہ، سنگ یشم ۲ تولہ، شہد خالص ۷ تولہ، ورق نقرہ ۹ ماشہ، ورق طلاء ۳ ماشہ، مصری ۵ تولہ، عنبر کو مصری تو ی میں پیس کر علیحدہ رکھو۔ اور جواہرات کو کسی لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر خوب گرم کرو۔ پھر ٹھنڈے پانی میں ڈال کر سرد کرو۔ پھر دو روز متواتر کھرل کرو اور خشک کر کے علیحدہ رکھو اور ابریشم کو سوا سیر پانی میں ڈال جوش دو۔ جب نصف پانی رہ جائے تو صاف کر کے شہد اور مصری اور ۳ تولہ میں ملا کر جوش دو۔ تا کہ قوام تیار ہو جائے۔ پھر باقی ادویہ کو باستثنائے زعفران ورق طلاء ونقرہ کے مثل میدہ کے باریک کوٹ چھان کر قوام مذکور میں ملا کر یک جان کر دو۔ پھر عنبر وزعفران کو اسی طرح کسی لکڑی سے حل کر کے ہلاتے جاؤ۔ جب کل ادویہ اور عنبر وزعفران یکے بعد دیگرے مل جائیں تو ورق نقرہ وطلاء معجون مذکور میں داخل کر دو اور کسی چینی یا چاندی کے برتن میں با احتیاط رکھو۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک پرہیز ترشی و بادی یہ معجون سلطانی ہے جو سلطان قطب الدین طاب اللہ ثراہ کے لئے تیار ہوئی تھی۔

معجون بکر ماجیتی:

یہ نسخہ مہاراج بکرماجیت کے لئے تیار ہوا تھا اس سے گردہ اور پشت قوی ہوتی ہے اور باہ زیادہ ہوتی ہے۔ ۲ سیر گوند کیکر گھی میں بریان کریں۔ پھر اسگندناگوری، موصلی سیاہ ہر ایک ۲۰ تولہ کنکول، مرچ سیاہ ہر ایک پندرہ تولہ۔ دارچینی، خولنجان، کباب چینی، جاوتری، عقرقرحا ہر ایک ۴

تولہ۔ لونگ، جائفل ہر ایک ایک تولہ۔ سب اجزاء کو باریک مثل سرمہ کے پیس کر اور کپڑے میں چھان کر دو سیر مصری کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

خوراک ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک۔ پرہیز ترشی و بادی اشیاء۔

معجون نانخواہ:

جو کہ مقوی باہ وہاضم طعام ہے۔ اجوائن کی بھوسی، اجمود، تخم گاجر، تخم سوہ، تخم مولی ہر ایک ۲ تولہ مغز اخروٹ، مغز پنبہ دانہ، عود اگر ہر ایک ۲ ماشہ جائفل ایک ماشہ ہموزن شہد اور شکر تری سفید کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔ پرہیز ترشی و بادی تا استعمال۔

معجون نانخواہ دیگر:

اجوائن آدھ سیر، تخم کرفس آدھ سیر، تخم گاجر آدھ سیر، قرنفل یعنی لونگ ۹ ماشہ، مصطگی ۹ ماشہ، خولنجان، خراسانی جائفل ۹ ماشہ ہر ایک دوائی کو باریک کوٹ چھان کر شکر تری سفید کے قوام تین گنا میں معجون تیار کریں خوراک ۹ ماشہ سے سوا تولہ تک صبح شام۔ فوائد قاطع بلغم و بادی مقوی معدہ و گردہ محافظ بادہائے مخالف ہے اور منی کو بڑھاتی ہے۔

معجون ستاور:

• جو مقوی باہ اور قضیب کو سخت کرتی ہے۔ ستاور، دارچینی، مین پھل ملٹھی، دانہ الائچی خورد، بنسلوچن، سونٹھ، مرچ سیاہ، برمی، بہوپھلی، اسگندناگوی، بداری کند جو کہ اکثر کپور کچر ی سے نکل آتا ہے۔ کباب چینی، سجنہ، لونگ، مصطگی، عقرقرحا، گوند سنبھل، تخم اونٹگن، تخم پیاز، اجمود، تخم کونج، موصلی سفید، موصلی سیاہ، کل اجزاء کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں پھر ادویہ مذکور کی مقدار سے تین حصہ زیادہ شکر تری سفید کا قوام بنا کر خوب حل کریں اگر تھوڑی افیون ملا دیں تو ممسک بھی ہو خوراک ۹ ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک ہے۔ پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے۔

معجون سلطانی:

جس کو سبکتگین غازی نے اپنے لئے تیار کیا تھا۔ سونٹھ' جائفل' خولنجان یعنی جڑ پان' مصطگی' کباب چینی' لونگ' عقرقرحا ہر ایک ۲ تولہ دارچینی' عود' جاوتری ہر ایک ایک تولہ شہد خالص مقدار ادویہ سے تین گنا۔ پہلے سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں پھر شہد میں حل کر کے ۳ ماشہ روز کھائیں۔ پرہیز ترشی تا استعمال مدت استعمال ۲۱ روز۔

فائدہ: قوت باہ لاتی ہے' قاطع بلغم ہے' منہ سے لعاب بہنے کو روکتی ہے۔

معجون لاجونتی:

یہ معجون مقوی باہ ہے۔ بیج لیجالو' موصلی سیاہ' تخم السی' پوست بیج اونٹ کٹارہ' مغز تخم کونچ' سب ادویہ ہموزن لے کر باریک کریں اور ادویہ کے وزن کے برابر شکر تری کا قوام کر کے معجون بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ پرہیز ترشی۔

معجون چترک:

جو قوت باہ میں بے نظیر ہے۔

چترک یعنی شیطرج ہندی' موصلی سفید' پوست درخت کیکر' کتائی خورد' کتائی کلاں' بیل گیری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کو لے کر نیم کوب کریں۔ پھر ۲۵ سیر پانی میں تر رکھ کر صبح کو پکائیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو صاف کر کے اس میں پانی ۲ سیر۔ گوشت بز غالہ کی یخنی اور ۳ سیر دودھ گائے اور گھی ایک پاؤ' آب انگور اور آب مویز منقی تازہ و آب نیشکر ۲ تولہ ملا کر پکائیں۔ جب غلیظ ہو جائے ہموزن اس کے مصری ملا کر قوام کریں۔ زاں بعد مغز پستہ آرد خرما آرد سنگھاڑہ ہر ایک پاؤ بھر مغز چلغوزہ پاؤ بھر' بیج کونچ' مویز منقی ہر ایک ۸ تولہ ۹ ماشہ' کھڑ رنگی بادن ماشہ' مرچ سیاہ ساڑھے سترہ ماشہ' کلنجن' دارچینی' لونگ ہر ایک ۹ تولہ سب کو باریک پیس کر اور چھان کر قوام مذکور میں ملا کر معجون بنالیں۔ خوراک ایک تولہ ۹ ماشہ سے ۲ تولہ تک پرہیز ترشی و بادی

معجون فلاسفہ بیضوی:

جو تقویت اعضاء رئیسہ گردہ اور تولید منی کے کمال مجربات میں سے ہے۔ ثعلب' شقاقل' زراوند' مدحرج یعنی گول پنجابی میں اس کو کنگونڈی کہتی ہیں۔ دارچینی' مگھاں' مرچ کالی' پوست ہلیلہ' پوست آملہ' بیج بابونہ' گل بابونہ شیطرج ہندی جس کو پنجابی چترا کہتے ہیں۔ ہر ایک تولہ مغز نارجیل' مغز پستہ' مغز چلغوزہ ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام مغز اخروٹ مویز منقی ہر ایک ۳ تولہ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد' کھوپا سوا سیر' چینی سفید و شہد خالص صاف شدہ وزن ادویہ سے ۳ حصہ زیادہ بہ طریق معجون بنائیں۔ خوراک ایک تولہ سے لے کر ۳ تولہ تک صبح شام کھائیں۔ پرہیز ترشی و بادی مدت استعمال ۲ ہفتہ۔

معجون لاثانی:

یہ اطباء کے خفیہ رازوں میں سے ہے۔ ثعلب مصری' شقاقل مصری' خارخشک' موصلی سیاہ و سفید' اسگند ناگوری' چھالیہ' سونٹھ' مولی کے بیج' شلغم کے بیج ترہ تیزک کے بیج مغز کدو' مغز نارجیل' مغز چلغوزہ' مغز پستہ' مغز بادام' مغز خند ہر ایک تولہ جوز ماثل یعنی دھتورہ ۶ ماشہ نخود زرد سیاہ ۵ تولہ مغز بنولہ ۵ تولہ شہد مصفی وزن ادویہ سے سہ چند لے کر سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر قوام شہد میں ملا کر خوب حل کریں بس سمجھ لو کہ معجون تیار ہے۔

خوراک ایک ماشہ سے ۹ ماشہ تک دودھ گائے کے ساتھ کھائیں۔ فوائد مقوی باہ ہے امساک لاتی ہے۔ ہاضمہ' پیچش و امتلا کو بے حد مفید ہے۔

معجون سلطانی دیگر:

موصلی سیاہ' سونٹھ' جائفل' قرنفل' تخم' گاجر' دارچینی' خشخاش' تخم خیار' تخم بادرنگ' تخم پیاز' تخم مولی' تخم ہلیلہ' کوکنار آملہ سب کو کوٹ چھان کر بترکیب بالا تین حصہ شہد میں معجون بنائیں خوراک ۳ درم تک وقت عصر شیر گاؤ سے کھائیں۔ پرہیز ترشی و بادی۔ ۷ ایوم تک استعمال کرنا واجب ہے۔

معجون:

اجوائن، تخم کرفس، تخم گاجر، تخم ہنولہ ہر ایک ۲۰ تولہ کالی مرچ و تخم مولی، مغز تخم کونچ ہر ایک سات تولہ۔ عود خام و گوند کیکر و سپند سوختی یعنی حرمل، جاوتری، اندر جو ہر ایک ۲ تولہ۔ لونگ ۴ تولہ، خولنجان تین تولہ، مصطگی، عقر قرحا، جائفل ہر ایک ۲ تولہ، موصلی سیاہ، شونیز ہر ایک سات تولہ کل ادویہ کو باریک کوٹ کر اور کپڑے سے چھان کر سفوف ہذا میں وزن ادویہ سے نصف وزن برابر سفید اور صاف چینی ملا کر رکھیں۔ پھر کل وزن ادویہ سے دو چند چینی صاف لے کر اور نکھار کر قوام تیار کریں اور قوام مذکور میں سب ادویہ کو ملا کر کفچہ سے خوب حل کریں جب بشکل معجون بن جائے تو اتار کر احتیاط سے رکھیں۔ خوراک سوا تولہ ہے پرہیز صرف ترشی سے لازم ہے۔ فوائد باہ و منی بڑھاتی ہے مایوسیوں کی ساقط شدہ قوت کو پھر لاتی ہے۔

معجون عیش افزا:

جو بے حد مقوی باہ ہے سپند سوختی یعنی حرمل، جاوتری، جائفل لونگ، دارچینی ہر ایک ۵ تولہ تل سفید ۶۰ تولہ سب کو ملا کر خوب کوٹو جب یکجان ہو جائیں تو ۳ حصہ شہد ملا کر احتیاط سے رکھیں اور مقدار سوا تولہ کے ہر روز ایک وقت کھائیں۔

معجون:

ایک سیر تخم کونچ کا چھلکا دور کر کے ۱۰ سیر دودھ میں ڈال کر جوش دو۔ جب دودھ جذب ہو جائے۔ تو تخم مذکور خشک کرو پھر ایک سیر موصلی خشک کو ۱۰ سیر دودھ میں ڈال کر پکاؤ۔ جب وہ بھی دودھ جذب کر چکے تو اس کو بھی خشک کر لو۔ پھر خراسانی جوائن ایک سیر، عقر قرحا ایک تولہ، تخم گاجر آدھ سیر، دانہ خشخاش سیر، خس یعنی کاہو بیج کاؤ آدھ سیر، تخم اوٹنگن آدھ سیر، گوند کیکر پاؤ بھر، مغز جوز ہندی یعنی نارجیل ڈیڑھ سیر ان سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر اکٹھا ملا لو۔ پھر سفید اور صاف کھانڈ کی اس قدر چاشنی بناؤ کہ لڈو بن جائیں پھر دو دو تولہ یا ڈھائی ڈھائی تولہ کے لڈو بنا لو اور ایک لڈو وقت شام کھا لیا کرو۔

فائدہ: غبی بھی مقدرت پا سکتا ہے۔ یہ ایک قلمی پرانی کتاب میں لکھا ہے۔ پرہیز ترشی و بادی۔

مدت استعمال ڈھائی ہفتہ۔

معجون دیگر:

گوند سنبل کو گھی میں بھونیں اور نکال کر ٹھنڈے ہونے پر باریک پیس لیں۔ پھر اسی گھی میں ماش کا دلیا بھونیں اور نکال لیں اور باریک پیس لیں پھر ہر دو اشیائے میں کھانڈ اور شہد خالص کا قوام حسب مقدار ملا دیں قریب ۴ تولہ ہر شام کو دودھ کے ایک پیالہ کے ساتھ کھا لیا کریں اگر گوند ۲ تولہ اور آرد ماش ۳ تولہ ہو تو روغن پانچ تولہ کافی ہے اور شہد و شکر تری ۱۶ تولہ چاہئے۔

معجون پیغمبری:

جو حضرت جبرائیل حضرت رسالت پناہ کے لئے لائے تھے۔ جائفل علک رومی یعنی گوند پستہ اور مصطگی رومی کو بھی کہتے ہیں۔ سونٹھ و خولنجان مصری، عقر قرحا، قرنفل یعنی لونگ، گڑ پرانا، عود خالص، کباب چینی، سب کو کوٹ چھان کر مقدار ادویہ سے تین حصہ زیادہ شہد خالص میں ملا دیں خوراک دو درم پرہیز ترشی و بادی۔

معجون:

کوارش، ندعونی، تخم گاجر، تخم شلغم، تخم پیاز، تخم ہلیون، مغز چلغوزہ، حب الفلفل حب الزلم بوزیدان، بہمن سرخ، بہمن سفید، تودری سرخ، تودری زرد، تودری نیلگون، مغز پنبہ دانہ، لسان العصافیر یعنی اندر جو، ہر ایک ۱۰ تولہ، سپندان یعنی حرمل و ہلیلہ ہر ایک پانچ تولہ، روغن نارجیل روغن حب الخضر اتنا کہ جس میں ادویہ مذکور تر بتر ہو جائیں۔ پھر مقدار ادویہ سے دو چند زیادہ شہد خالص ملا دیں۔ معجون کھا کر اوپر سے ایک پیالہ شربت مصری کا پی لیا کریں۔ خوراک ڈیڑھ ماشہ۔ پرہیز ترشی و بادی۔ مدت استعمال ۳ ہفتے۔

معجون دیگر:

تودری سرخ ۲ تولہ عقر قرحا تولہ کو کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ میں ملا کر ہر روز ڈیڑھ تولہ کھایا کرو۔

معجون دیگر:

مغز فندق، مغز نارجیل، مغز بادام، مغز چلغوزہ، حب الفلفل، حب الزلم، حب الخضر، تل سفید وشقاقل، مغز فستق تودری سرخ وزرد ونیلگون ہرسہ، بہمن سرخ وبہمن سفید، خشخاش ہر ایک ۶ تولہ، سونٹھ، دارچینی، کالی مرچ، مگھاں ونافہ خشک دقرفہ ہر ایک ۲ تولہ سب کو باریک کوٹ چھان کر تگنی کھانڈ کے قوام میں ڈال کر لت کریں اور قدرے ترنجبین کا پانی بھی ملا دیں۔ خوراک ڈیڑھ تولہ۔ پرہیز ترشی وبادی۔

❁

باب سوم:

درباره حبوب قوت باه

حب سلطانی مقوی باہ:

مغز بادام مغز نارجیل، زعفران، لونگ، جلوتری، الائچی خورد، عقرقرحا، دارچینی، چوب چینی، کباب چینی، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بھکوا، تخم اوٹنگن، تخم کونچ، تخم گاجر، مالکنگنی، سمندر پھل، اسگند کرنہ، ستاور، ناگ کیسر، بیضہ مرغ ۵ عدد، جوائن خراسانی، تال مکھانہ، ثعلب مصری، بیخ پان، افیون ہر ایک ۵ ماشہ مشک ایک ماشہ کل ادویہ کو باریک کھرل کر کے پرانے گڑھ یعنی قند سیاہ میں کوڑی کے برابر گولیاں بنا دیں بوقت صبح گائے کے دودھ کے ساتھ یا پان کے پتہ کے ساتھ کھائیں۔ لاثانی طاقت آئے گی۔ پرہیز ترشی مدت استعمال ۲ ہفتے مجرب ہے۔

حب ممسک ومقوی باہ:

کباب چینی، دارچینی، قرنفل یعنی لونگ، اسپند سوختی یعنی حرمل عود خالص، ہر ایک مساوی الوزن لو اور دو چند زیادہ وزن ادویہ سے قند سیاہ کہنہ مل کر چھ چھ ماشہ کی گولیاں بناؤ۔ اور ہفتہ بھر تک روز ایک گولی کھاؤ۔ ترشی سے پرہیز رکھو پھر قوت اور امساک پیدا ہوگا۔ مجرب ہے۔

حب دیگر مقوی وممسک:

جلوتری، دارچینی، مگھاں، زعفران، لونگ، عقرقرحا، سونٹھ، افیون ہر ایک ایک ماشہ لے کر باریک کوٹ چھان کر وزن ادویہ سے دو چند قند سیاہ کہنہ ملاؤ اور ایک ایک ماشہ کی گولیاں باندھو اور دودھ گائے کے ساتھ ایک گولی روز کھایا کرو۔ مجرب ہے۔

حب جالینوس:

مغز سر کنجشک خانگی، شقاقل مصری، تازہ تخم، پیاز سفید، پوست خرما، تخم گندنا، ثعلب مصری، ریگ ماہی مساوی الوزن لو اور تھوڑی سی کستوری بھی ملا لو۔ سب کو کھرل کر کے خوب باریک مثل سرمہ بناؤ بوقت کھرل تھوڑا شہد ڈالو۔ پھر ترہ تیزک کا پانی ملا کر گولیاں بمقدار آدھ آدھ ماشہ کی

باندھ لو۔ ایک گولی دو پیالہ آب انگور یا شراب انگوری یا آب نخود سیاہ سے کھالیں۔

پرہیز: ترشی۔

فائدہ: یہ گولی سستی اعصاب مجلوق کو مفید ہے اور نا گفتہ بہ قوت لاتی ہے۔ مجرب ہے۔

حب تقویت قضیب مجلوق:

بیخ بہمن صحرائی کہ نرم اور چھوٹی ہو' کو لا کر ٹکڑے ٹکڑے کرو اور سایہ میں سوکھا کر کوٹ لو۔ پھر جوائن کی بھوسی اور اڑد سیاہ برابر لے کر اور کوٹ کر اس میں ملا دو۔ پھر تینوں دوائیوں کے وزن کے برابر قند سیاہ ملا کر چھوٹے لیموں کے برابر گولیاں باندھیں اور ایک گولی تین ماہ تک برابر کھاتے رہیں۔

پرہیز: ترشی سے کریں۔

فائدہ: قضیب مجلوق کو تقویت دیتی اور درازی لاتی ہے۔ مجرب ہے۔

حب عنبری:

عنبر اشہب' ثعلب مصری' خولنجان ہر ایک ۹ ماشہ مشک یعنی کستوری مصطگی۔ قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ مایہ شتر اعرابی ۱۰ ماشہ۔ سب اجزاء کوٹ چھان کر فندق کے برابر گولیاں بنائیں اور ہمیشہ ایک گولی شراب یا دودھ گائے یا شیرہ ترہ تیزک یا آب نخود سے کھائیں۔ ڈیڑھ ماشہ تک خوراک ہے۔ الامر طوب مزاج زیادہ کھائیں۔ پرہیز ترشی۔ مجرب ہے۔

فائدہ: مجلوق کے لئے بمنزلہ تریاق ہے کیونکہ نا گفتہ بہ طاقت لاتی ہے اور بوئے دہن کو رفع کر کے خوشبودار بناتی ہے۔

حب شیر مار:

پارہ' شقاقل ہر ایک مساوی الوزن لے کر لکڑی سے کھرل میں ڈال کر گھوٹیں۔ پھر دھتورہ سبز کے بیج لے کر اس کا سرا کاٹ کر قدرے گری باقی رکھ کر پارہ شقاقل میں حل کیا ہوا بھر دیں پھر چنے کے آٹے میں چار انگل موٹا لیپ کر کے گائے کے گھی میں تلیں۔ جب لال رنگ ہو جائے نکال کر پوست دور کر کے کباب چینی' سونٹھ' عقرقرحا' الائچی دانہ' زعفران' بوزیدان' ثعلب مصری ہر

ایک مساوی الوزن لے کر اور تھوڑی کستوری ملا کر کھرل کریں جب خوب باریک ہو جائے تو کیکر کی گوند کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور دو گولیاں صبح و شام شراب ۲ آتشہ یا گائے کے گھی کے ساتھ کھائیں مجرب ہے۔

فائدہ: مجلوق مفلوج کو زائل شدہ طاقت آ جاتی ہے امساک اور تقویت باہ میں اپنا نظیر آپ ہے۔

حب کیمیائے عشرت:

ریگ ماہی' شنگرف' مازو' قرنفل یعنی لونگ ہر ایک ۴ تولہ دار شیشعان' دار چینی' ورق نقرہ' ہر ایک ۷ تولہ پھٹکی' ورق طلاء' ہر ایک ۳ ماشہ زعفران مشک' افیون ہر ایک ایک تولہ ریگ ماہی' زعفران کبابہ' عقرقرحا ہر ایک ۲ تولہ سب ادویہ کو باستثنائے افیون کے کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں پھر افیون کو پانی میں گھول کر اور صاف کر کے خاص نتھرا ہوا صاف شفاف پانی سفوف مذکور میں ملا کر لعاب گوند کیکر کے امداد کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں ایک یا دو گولی جماع سے پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ دیں۔ مجرب ہے۔

فائدہ: تقویت باہ و امسک میں بے نظیر ہے۔

حب بیضوی:

ساٹھ عدد مرغ کے انڈوں کی زردی کو ایک سیر غلہ کنگھنی میں ملا کر مثل سرمہ کے کھرل کرو پھر لونگ جائفل' دار چینی' مرچ سیاہ و سفید' پپلا مول' مگھاں موصلین ہر سہ مصطگی ہر ایک پانچ ماشہ عود ایک تولہ عنبر و مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر ملا دو تا کہ یک جان ہو جائیں تب شہد خالص کی امداد سے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح اور ایک شام کھائیں۔ ہمارا خود مجرب ہے۔

فائدہ: تقویت بے انتشار طبیعت کو مفید ہے۔

حب خراطین:

کیچوے تازہ پاک و خشک کی ہوئی ۶ تولہ اجوائن ۲ تولہ کوٹ کر چھان لو پھر ۴ تولہ گڑ پرانا لے

کر ایک ایک تولہ کی گولیاں بناؤ۔

حب جوز ماثل:

دھتورہ سیاہ کے پھول خشک کر کے چنے کے برابر گولیاں بناؤ۔ ایک گولی ہر روز ۳ ہفتہ تک کھاؤ' پرہیز ترشی ہے۔

حب عیش افزا:

نک چھکنی' موصلی سیاہ' ستاور' تخم کونچ' تخم اوٹنگن' پوست بیخ کٹارا' مال کنگنی' قند سیاہ' برابر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ جب سفوف تیار ہو جائے تو ادرک کے پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ہر روز ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ پرہیز ترشی و بادی۔

حب کنجدی:

قند سیاہ ۲ چھٹانک' تل سیاہ ۴ تولہ' اسگندنا گوری ۶ تولہ' نصف بریان نصف خام ان سب اجزاء کو کوٹ چھان کر ۱۴ گولیاں بنا دیں اور ایک گولی روز کھائیں۔ پرہیز ترشی۔

حب محمد شاہی:

یہ محمد شاہ بادشاہ کے لئے حکیم سید علوی خان نے تجویز کی تھی۔ شنجرف سنبل سفید ہر ایک ایک تولہ دونوں کو باریک کر کے آب افشردہ برگ کریلہ آب افشردہ برگ ارنڈ' نورستہ برنگ سرخ ہر ایک ڈیڑھ پاؤ۔ پس سب کو ملا کر کھرل کریں۔ جب کل پانی جذب ہو جائے۔ اس وقت حبوب مثل دانہ جوار کے بنا کر ورق نقرہ لپیٹ کر سایہ میں خشک کریں۔ پہلے سات روز تک ایک گولی کھا کر وقت شب میں تین سیر دودھ جوش دیا ہوا پلا دیں۔ بعد سات روز کے چوتھائی گولی بڑھائیں۔ اور اس کے ساتھ ۳ پاؤ دودھ بھی بڑھائیں۔ تعداد خوراک سات گولیوں تک ہے۔ جب سات گولیاں کھلا دیں تو دن رات جس قدر دودھ مریض پی سکے پلا دیں۔ ۲۱ سیر تک اس روز دودھ پلانا رقم ہے۔ ترشی بادی سے پرہیز۔

__نوٹ__: آزمائش کا موقع نہیں ملا۔

حب دیگر:

مومیائی ۳ جزو' گوند کیکر ایک جزو ہموزن مصری ملا کر گلاب میں کھرل کریں اور بقدر ڈیڑھ ماشہ کے حبوب بنا کر ایک حب دودھ کے ساتھ یا ماء العسل یعنی شہد کے شربت کے ساتھ کھائیں۔ ترشی سے پرہیز کریں۔

حب دیگر:

تجربہ شاہ بدر الدین قندھاری ممسک مقوی باہ و دافع پرمیہ۔

جائفل' جاوتری' دارچینی' قرنفل یعنی لونگ' زعفران تل سیاہ' اسپند یعنی حرمل' افیون خالص' مغز بادام' مقشر ہر ایک ۴ا تولہ' خراطین یعنی کیچوے سیاہ ۲۸ ماشہ سب کو باریک کھرل کر کے شہد میں حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھائیں۔ ترشی سے تا استعمال پرہیز کریں۔

حب دیگر:

تجربہ حضرت شاہ جمال الدین تقویت باہ و افزائش منی میں اپنا نظیر آپ ہے۔ موصلی سیاہ و سفید' مغز تخم کونچ' تخم اوٹنگن' سروالی' گوکھرو' تج' پترج' تال مکھانہ' مال کنگنی' اجمود' سونٹھ' ستاور' جائفل' جوتری' لونگ' دارچینی' چوب میدہ' جس کو ہندی میں میدہ سک کہتے ہیں۔ لسوڑہ بیخ بند' شنجرف مدبر' اسگندنا گوری' نرگنڈی' پوست بیخ' اونٹ کٹارہ' ثعلب مصری ہر ایک مساوی الوزن لے کر باریک کوٹ کر کپڑے میں چھان لو اور شہد میں حل کر کے حبوب بناؤ۔ خوراک ایک تولہ روز کھایا کرو اور اوپر سے دودھ گائے پی لیا کرو۔ پرہیز ترشی و بادی۔

حب دیگر:

جو امساک لاتی اور منی کو بڑھاتی ہے اور کچھ نشہ لاتی ہے۔ افتیمون جس کو ہندی میں اکاس بیل یا امر بیل کہتے ہیں۔ فرنجمشک' سنبل' کباب چینی' لونگ' جوتری' ناگرموتھا' نرکچور' دھنیا خشک' دھتورہ' ہڑتال ورقی' کستوری' پوست ترنج' عنبر ہر ایک ایک تولہ مصطگی' گل گلاب' وج ہر ایک ۲ تولہ' جائفل' بیخ نفاح لقویم' میں لکھا ہے کہ جنگلی بیروج کا پھل زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ فرفیون ایک

قسم کو گوند ہوتا ہے۔ زعفران ہر ایک ۳ تولہ جند بید ستر گاؤ زبان ہر ایک پانچ تولہ ورق طلاء ورق نقرہ ۲۵ عدد دو گلاب میں ترکر کے گولیاں بمقدار جوار کلاں کے دانے سے بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھائیں اوپر سے دودھ پی لیں۔

حب دیگر:

مایہ شتر اعرابی ۳ تولہ، کستوری مصطگی، لونگ ہر ایک ایک تولہ، عنبر اشہب، خصیۃ الثعلب، خولنجان ہر ایک دو تولہ باریک کوٹ چھان کر گلاب کے عرق میں ترکر کے بمقدار فندق گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روز کھائیں اوپر سے شراب یا دودھ تازہ یا پانی تیرہ تیزک کا پی لیں۔

فائدہ: مقوی دماغ و اعضاء رئیسہ میں بے نظیر ہے۔ قوت مردانگی بدرجہ غایت لاتا ہے۔ پرہیز ترشی تا استعمال۔ ۳ ہفتے تک استعمال کرنا واجب ہے۔

باب چہارم:

سفوف جو قوت باہ اور امساک لاتے ہیں

سفوف ممسک:

بھونے ہوئے چنے مقشر، ہڑتال ورقی، نل سیاہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ لے کر باریک کوٹ چھان کر ایک پہر خلوت سے پہلے کھالو۔

سفوف دیگر:

یہ سفوف نافع ضعف باہ، جریان منی و بند کشادہ مقوی دماغ ہے اور قاطع بخار ہے۔ اگر عورت بعد غسل کے استعمال کرے تو حاملہ ہو جائے۔ نیز امراض اطفال کو بھی مفید ہے۔

موصلی سیاہ، سنبل ایک پاؤ۔ پوست درخت گولر ۲ چھٹانک۔ سپاری، گوند ڈھاک ہر ایک ۲ تولہ۔ تج، میدہ سک، الائچی، دارچینی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کھانڈ سفید ۲ چھٹانک کو باریک کوٹ چھان کر ایک کف دست پھانکیں اور اوپر سے دودھ گائے کا پی لیں۔

سفوف دیگر:

دافع پریسہ و سیلان منی۔ کشتہ قلعی ۱۴ ماشہ، بلسلو چن، ست گلو، ست صلاجیت، پاکھان بید صندل سرخ ہر ایک اٹھائیس ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ، مصری توی ۱۰ تولہ۔ یہ ترکیب بالا سفوف بنا کر گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف شاہجہانی:

یہ سفوف شاہجہانی بادشاہ کے لئے تیار ہوا تھا۔

کستوری، زعفران، جائفل، بدہارا، اجود، موچرس، ماز و سبز، بیلگری ہر ایک ۳ ماشہ افیون ڈیڑھ ماشہ عقرقرحا ۵ء۳۶ ماشہ یہ ترکیب بلا سفوف بنا کر مسکہ مادہ گاؤ کے ساتھ ۲ ماشہ کھالیں۔

نوٹ: عرق لیموں پینے سے اس کا اثر جاتا رہتا ہے۔

سفوف دیگر مقوی باہ:

سنبل کا موصلہ باریک پیس کر ہم وزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ روز کھایا کریں۔ پرہیز ترشی۔ ۳ ہفتہ تک استعمال کرنا چاہئے۔

سفوف دیگر:

جومنی کو گاڑھا کرتا ہے اور سرعت انزال کو نافع ہے۔

درخت کھرنی کی چھال، تج، میدہ سک ہموزن لے کر سب کے برابر کھانڈ ملا کر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پرہیز ترشی و جماع تا استعمال۔ دو ہفتے برابر استعمال کرو۔

سفوف دیگر:

گوند کیکر اور بہو پھلی برابر لے کر ایک تولہ روز دودھ کے ساتھ کھائیں۔ مدت استعمال ۴۰ روز۔

سفوف دیگر:

املی کے بیج لے کر ۴ روز پانی میں بھگو رکھیں۔ ۴ روز کے بعد سیاہ چھلکا اتار کر خشک کریں۔ خشک ہونے پر باریک مثل سرمہ کے پیس کر ہموزن کھانڈ ملا کر ہر روز ایک تولہ کھایا کریں۔ ترشی و بادی و جماع سے پرہیز کریں۔

سفوف دیگر:

ببول کی چھال، ببول کی پھلی، ببول کا گوند، ببول کی کونپل، مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر برابر کی کھانڈ ملا کر سفوف بنا دیں خوراک ایک تولہ۔

فائدہ: مجلوق مایوس العلاج کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مردوں عورتوں دونوں کو مفید ہے خفیہ مجربات میں سے ہے۔

سفوف دیگر:

تک چھکنی، سونٹھ برابر لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک تولہ تازہ دودھ سے کھائیں۔ یہ سفوف تقویت باہ میں لاثانی ہے۔

سفوف دیگر:

ثعلب مصری، شقاقل، موصلین، تخم انجیرہ، دارچینی، مصطگی، گوند کیکر، کالا دانہ، الائچی کلاں، تالمکھانہ، خولنجان، بوزیدان، اندرجو شیریں، موچرس، سونٹھ، کشتہ قلعی، فولاد ہر ایک ۱۰ ماشہ لے کر کل ادویہ کو کوٹ چھان کر کشتہ جات ملا کر کھانڈ سفید ملا دیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے لے کر ایک تولہ ہے۔ تازہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ پرہیز ترشی و بادی اور جماع تا استعمال۔ مدت استعمال ۲۱ روز ہے۔

فوائد قاطع جریان منی مجلوق ہے۔

سفوف دیگر:

ثعلب مصری، بوزیدان، سورنجاں، گوند گجراتی ہر ایک ایک تولہ آرد سنگھاڑہ ۱۰ تولہ، شکر سفید ۱۰ تولہ، نشاستہ ۱۲ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں ۲ تولہ دودھ کے ساتھ روز کھائیں۔ ترشی بادی جماع سے پرہیز کریں۔ ۱۵ یوم متواتر استعمال کریں۔

سفوف دیگر مقوی باہ:

سنبل کا موصلہ باریک پیس کر ہم وزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ روز کھایا کریں۔ پرہیز ترشی۔ ۳ ہفتہ تک استعمال کرنا چاہئے۔

سفوف دیگر:

جو منی کو گاڑھا کرتا ہے اور سرعت انزال کو نافع ہے۔

درخت کھرنی کی چھال، تج، میدہ سک ہموزن لے کر سب کے برابر کھانڈ ملا کر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پرہیز ترشی و جماع تا استعمال۔ دو ہفتے برابر استعمال کرو۔

سفوف دیگر:

گوند کیکر اور بہو پھلی برابر لے کر ایک تولہ روز دودھ کے ساتھ کھائیں۔ مدت استعمال ۴۰ روز۔

سفوف دیگر:

املی کے بیج لے کر ۴ روز پانی میں بھگو رکھیں۔ ۴ روز کے بعد سیاہ چھلکا اتار کر خشک کریں۔ خشک ہونے پر باریک مثل سرمہ کے پیس کر ہموزن کھانڈ ملا کر ہر روز ایک تولہ کھایا کریں۔ ترشی و بادی و جماع سے پرہیز کریں۔

سفوف دیگر:

ببول کی چھال، ببول کی پھلی، ببول کا گوند، ببول کی کونپل، مساوی الوزن لے کر کوٹ چھان کر برابر کی کھانڈ ملا کر سفوف بنا دیں خوراک ایک تولہ۔

فائدہ: مجلوق مایوس العلاج کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مرد وں عورتوں دونوں کو مفید ہے خفیہ مجربات میں سے ہے۔

سفوف دیگر:

نک چھکنی، سونٹھ برابر لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک تولہ تازہ دودھ سے کھائیں۔ یہ سفوف تقویت باہ میں لاثانی ہے۔

سفوف دیگر:

ثعلب مصری، شقاقل، موصلین، تخم انجیرہ، دارچینی، مصطگی، گوند کیکر، کالا دانہ، الائچی کلاں، تالمکھانہ، خولنجان، بوزیدان، اندر جو شیریں، موچرس، سونٹھ، کشتہ قلعی، فولاد ہر ایک ۱۰ ماشہ لے کر کل ادویہ کو کوٹ چھان کر کشتہ جات ملا کر کھانڈ سفید ملا دیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے لے کر ایک تولہ ہے۔ تازہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ پرہیز، ترشی و بادی اور جماع تا استعمال۔ مدت استعمال ۲۱ روز ہے۔

فوائد قاطع جریان منی مجلوق ہے۔

سفوف دیگر:

ثعلب مصری، بوزیدان، سورنجاں، گوند، گجراتی ہر ایک ایک تولہ آرد سنگھاڑہ ۱۰ تولہ، شکر سفید ۱۰ تولہ، نشاستہ ۱۲ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں ۲ تولہ دودھ کے ساتھ روز کھائیں۔ ترشی بادی جماع سے پرہیز کریں۔ ۱۵ ایوم متواتر استعمال کریں۔

باب پنجم:

درباره ماء اللحم مقوی دل ودماغ

ماء اللحم بادشاہی:

چوب چینی عمدہ تراشیدہ ۶ تولہ، گاؤزبان، برگ بادرنجبویہ، بالچھڑ، بوزیدان، ہرایک ساڑھے بارہ تولہ، لونگ الائچی، جائفل، جاوتری، بادیان خطائی، چاہ چینی سبز، کباب چینی، اشنا، فرنجمشک، گل گلاب، تخنہ، زرنجور، شقاقل، بہمن، عشبہ مغربی، عود قماری، صندل سرخ، صندل سفید مصطگی، زعفران ہرایک ۳۷ ماشہ، بلیون ۷ ماشہ، گوشت حلوان ساڑھے تین سیر، گوشت دراج ڈیڑھ سیر، گوشت مور، گوشت کبوتر بچہ ہرایک سیر بھر، گوشت کنجشک نر ۵۰ عدد، عرق بید مشک، عرق بادرنجبویہ، عرق گاؤزبان، عرق گلاب خالص ہرایک سیر بھر، مصری ۳ سیر کل اجزاء ملا کر گیارہ سیر پانی ملا کر عرق ۲ آتشہ کھینچ کر استعمال کریں۔

خوراک ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک ہے۔ ترشی بادی و جماع سے ااستعمال پر پرہیز واجب ہے۔

یہ نورالدین جہانگیر بادشاہ کے لئے تیار ہوا تھا۔

ماء اللحم دیگر:

گوشت حلوان شیرخوار ۵ عدد، برگ تنبول دو ڈھولی، زعفران لونگ، دانہ الائچی خورد ہرایک سات ماشہ، دارچینی ۸ ماشہ، سونف پاؤ بھر، گلاب ۲ شیشہ، گوشت بھیڑ سو عدد، عرق کیوڑا دو بوتل، انگور خالص سبز ۳ سیر، میوہ سرخ ۴ آثار، ناگیسر پترج ہرایک تولہ۔ مصری توی ایک سیر، اٹھارہ سیر پانی ڈال کر ۶ سیر عرق نکال لیں۔

ماء اللحم محمد شاہی:

یہ محمد شاہ بادشاہ دہلی کے لئے تیار ہوا تھا۔ گوشت بزغالہ ۵ سیر لے کر اسے گرم مصالحہ کے گھی میں بھونیں اور گاؤزبان، صندلیں، قلین ہرایک ۴۲ ماشہ، گل گاؤزبان ۱۴ ماشہ، گل گلاب

۵۶ ماشہ، عرق کیوڑہ، عرق الائچی، عرق کاسنی، عرق گلاب ہرایک ایک شیشہ۔ پانی موافق حاجت
...ب کو ایک دیگچی میں ڈالیں اور عنبر اشہب، مشک خالص ہرایک ۲/۵ ماشہ زعفران ۳ ماشہ پانچ سے
...باندہ کر بدستور ۵ سیر عرق لیں۔

فائدہ: دافع حدت، مقوی اعضائے رئیسہ و مقوی معدہ ہے۔

باب ششم:

عرقیات مقوی باہ

عرق النساء:

ہلیلہ سیاہ پودینہ خشک سلیخ، سنگھاڑہ، تالمکھانہ، خارخسک، تخم پیاز، تخم گاجر ہر ایک پاؤ، آثار مغز، بنولہ روغن، گاؤ پوست، درخت پیپل پوست درخت سپستان ہر ایک نصف سیر یا آب انار شیریں، تخم برگد، تخم شلغم، تخم مولی، زنجبیل خولنجان ہر ایک پاؤ بھر قند سیاہ، شیر میش شیر مادہ گاؤ، ہر ایک ۴ سیر حلوان ایک بعمر ۴ ماشہ ان سب ادویہ کو نیم کوب کر کے مقدار ادویہ سے پانچ گنا زیادہ پانی ڈال کر کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر گھوڑے کی لید میں دفن کر دیں۔ جب جوش کھا کر صاف ہو جائے تو ۱۰ سیر بوتل عرق ۲ آتشہ کے نکال لیں۔ عرق نکالتے وقت ادویہ ذیل کی پوٹلی باندھ کر بھبکہ میں ڈال دیں۔

لونگ، جائفل، زیرہ سیاہ، الائچی، خورد الائچی کلاں، صندل سرخ، صندل سفید، دام الاخوین ہر ایک تولہ دارچینی، عقد سیماب جو چاندی کے برادہ کے ساتھ کیا گیا ہو۔ ہر ایک ۲ تولہ، زعفران ۱ ماشہ۔

عرق تریاق روح افزا:

صندل سرخ، صندل سفید، تخم خیارین، تخم کاسنی، منڈی، تخم کاہو، بادیان، منقے، مغز بادام ہر ایک نیم پاؤ، خارخسک ایک پاؤ، پوست ترنج، پوست نارنج، تخم خربوزہ، بیخ سونف ناگرموتھا، کوہی اصل السوس، الائچی، کلاں قرنفل ہر ایک ۷ ماشہ طباشیر نرکچور، ست لیموں، پودینہ خشک ہر ایک تین تولہ، تخم خرفہ، مقشر، گل دھاوا ہر ایک ۵ تولہ۔ ہلیلہ بلیلہ ہر ایک ۶ تولہ۔ سداب گلاب ہر ایک آدھ سیر، گلاب کے تازہ پھول ڈھائی سیر، کشمش نئی آدھ سیر، دھنیا خشک ۱۶ تولہ، پوست کیکر ۵ اسارون جس کو ہندی میں تکسر کہتے ہیں ایک تولہ، مشک خالص ۹ ماشہ، عنبر اشہب دو ماشہ، ماء شتر اعرابی ۳ ماشہ، قند سیاہ مصفیٰ کل ادویہ سے ۶ حصے زیادہ۔ گوشت حلوان ڈھائی سیر، کنجشک نر خانگی

۴۰ عدد، کبوتر ۱۰ عدد، تیتر ۵ عدد، زعفران ڈیڑھ تولہ، عود غرقی ۲ تولہ، اس کو دو آتشہ کھینچ لیں اور بھبکہ کے منہ کے پاس پوٹلی ان ادویہ کی باندھ دیں۔ زعفران مشک معطر بہار۔ جب عرق نکل چکے تو اس کو شیشہ میں ڈال کر بڑی مضبوطی سے منہ بند کر کے ۱۵ روز زمین میں دفن کر کے نکال لیں۔

خوراک ایک تولہ سے ۲ تولہ تک حسب مزاج ہے۔ پرہیز کچھ نہیں اگر ترشی سے پرہیز کیا جائے تو مفید ہوگا۔

فائدہ: تمام عصباتی بیماریوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ ضعف باہ، تقلب قضیب مجلوق کو بدرجہ غایت مفید ہے اور امساک میں بے نظیر ہے۔

عرق سنبل:

یہ دافع سستی اعصاب ہے اور امساک و باہ لانے میں قابل تعریف ہے۔ گل سنبل سایہ میں خشک کر کے اس قدر پھول گلاب اور گل منڈی لو اور کل اجزاء سے نصف وزن گل چنبیلی ملا کر مثل گلاب کے عرق کھینچ لو اور کام میں لاؤ۔

خوراک ۳ تولہ سے ۴ تولہ۔ پرہیز ترشی و جماع تا استعمال۔

ایک بوتل ایک مریض کے لئے کافی ہے۔

عرق بیخ سنبل:

جو تقویت باہ، احتشام، سستی اور اعصاب قضیب، مجلوق وغیرہ کو نافع ہے۔

بیخ درخت سنبل ۵ سیر، گل بیدانجیر، تخم کونچ، تخم مولی، تخم گاجر، تخم میتھی، تخم کرفس، ہر ایک ڈیڑھ تولہ والان بزرگ والان خورد ہر ایک ۳ تولہ۔ سب اجزاء کو نیم کوب کر کے ایک رات دن بھگو کر آگ نرم پر عرق مقطر کھینچ لیں حاجت کے وقت سات تولہ پی لیں۔

پرہیز: ترشی بادی و جماع تا استعمال۔

عرق روح حیات:

یہ عرق مشتہی اور ہاضم طعام ہے بدن کو فربہ کر کے چہرے کو کشمیری سیب کی طرح سرخ کر دیتا ہے اور دافع سرعت انزال ہے۔ محافظ اعضاء رئیسہ ہے اور حافظہ کو تقویت دینا اس کا پہلا فرض

ہے۔

تالمکھانہ' بہوپھلی' سروالی' موچرس' مازو پھل' ستاور' گل دھاوا گوکھرو' سمندر پھل' گوند ڈھاک' گوند کیکر' سمندر سوکھ' طباشیر' ثعلب مصری' تج پترج' دانہ الائچی خورد' آملہ' رتن جوت' گل پستہ' موصلی سیاہ' موصلی سفید' پوست ہلیلہ زرد اجوائن دیسی' سونف کشنیزہ' برادہ صندلیں' الائچی کلاں' خس ہرایک ۱۴ ماشہ' منڈی سبز سیر بھر۔ سب کو جوکوب کر کے ۱۵ سیر پانی میں ایک رات تر رکھ کر صبح کو دودھ اور پاؤ بھر گھی میں عرق کھینچ لیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۳ تولہ۔ پرہیز ترشی و بادی۔

عرق چوب چینی:

یہ مقوی باہ و مقوی اعضائے رئیسہ و ہاضم طعام ہے۔ چہرے کو شنگرف کی طرح سرخ بنا دیتا ہے۔ اور ہر بیماری میں تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

چوب چینی سوا سیر' دار چینی پونے دو سیر' گل دھاوا ایک سیر' بالچھڑ' خولنجان' اشنا اس کا کوئی ہندی نام نہیں ہے' مگھ' ثعلب مصری ہرایک ۲ چھٹانک۔ پترج' عود قماری' صندل سفید زرنجور ہر ایک ۴ چھٹانک۔ مصطگی' اگر غرتی' بادرنجبویہ (جس کو ہندی میں بلی لوٹن کہتے ہیں) تج عقربی' گاؤ زبان گیلانی' بہمن سرخ' بہمن سفید' شقاقل مصری' کباب چینی' ناگر موتھا ہرایک ۶ تولہ۔ پوست کیکر پونے چار سیر' مصری قند سیاہ ہرایک ایک من۔ سب کو ایک مٹکے میں ڈال کر منہ اس کا بند کر کے ۲۱ روز زیر زمین دفن رکھ کر سات سیر عرق درجہ اول کا نکال لیں اور مشک و زعفران خوشبو کے لئے ملا دیں۔

خوراک ۳ تولہ ہے۔ پرہیز جماع ترشی و بادی۔

ایک مریض کے واسطے ایک بوتل اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

عرق دیگر:

ممسک و مقوی باہ محافظ سرد مزاج دافع پرمیوہ سیلان منی۔

پوست خشخاش' گل دھاوا ہرایک ۵ سیر۔ کچلہ سوا سیر' اجوائن خراسانی سیر بھر' قند سیاہ کہنہ ایک من' پانی ۴ من۔ سب کو خم میں ڈال کر ۲۰ روز زیر زمین دفن رکھ کر عرق حسب مرضی نکال لیں خوراک ایک تولہ عرق باجان کے ساتھ۔

عرق مقوی و مشتہی طعام:

دار چینی ۲۵ تولہ' گل گلاب' صندل سفید' گوکھرو ہرایک ساڑھے بارہ تولہ۔ سونف' کباب چینی' دانہ الائچی' ہرایک ۵ تولہ۔ لونگ' اندر جو شیریں' شقاقل' مصری' زرنجور' جائفل ہرایک ۲۸ تولہ۔ جاوتری ۱۴ ماشہ' موصلی' سنبل' پوست بیخ شتر خار ہرایک ڈھائی سیر۔ پوست درخت کیکر ۱۶ سیر' قند سیاہ ۲۵ من۔ کل اجزاء کو دو مٹکوں میں ڈال کر منہ بند کر کے زمین میں دبا دیں۔ جب ۲۱ روز کے بعد جوش کھا کر صاف ہو جائے۔ تو گلاب ۲ سیر' گوشت ۱۵ سیر' کنجشک نر سو عدد' کبوتر ۲۰ عدد شامل کر کے عرق حسب مرضی نکال لیں اور خوشبو اور رنگ کے لئے زعفران دہن پنجہ سے باندھ دیں۔

خوراک ۵ تولہ سے لے کر ۸ تولہ حسب مزاج ہے۔

جن ادویہ کا عرق نکالنا ہو تو ڈھائی سیر ادویہ میں ۱۰ سیر پانی ڈال کر ایک رات تر رکھنا چاہئے۔ ہر صبح ۱۰ سیر پانی سے ڈھائی سیر عرق نکلنا چاہئے۔ اس ترکیب کے عرق بڑے اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں۔ یہ ترکیب عرقیات مجوزہ صاحب طب فرانسیس ہے۔

باب ہفتم:

در باب طلاء مجلوق وکار رفتہ

طلاء دافع جلق:

لونگ' زعفران' عقر قرحا' دارچینی' مشک یعنی کستوری ہر ایک ڈیڑھ تولہ' باریک کر کے ڈیڑھ تولہ شہد میں ملا کر حبوب بنا کر وقت حاجت کے ایک گولی اپنے لعاب دہن سے گھس کر لگا دیں۔

طلاء دافع سستی مجلوق:

ایک سیر رس دانہ انار شیریں' ۲ سیر پوست درخت انار شیریں' دو سیر چھلکا انار شیریں (جس کو نسپال بھی کہتے ہیں) پوست اور چھلکا کو باریک کوٹ چھان کر دس سیر پانی تازہ اور ۵ سیر تیل تلون میں ملا کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو اس میں دانہ انار کو بھی ملا کر جوش نرم آگ سے دیتے جائیں۔ جب کل پانی جل جائے اور صرف تیل ہی رہ جائے تو اُتار کر شیشہ میں بڑی احتیاط سے بند کر کے رکھیں بوقت حاجت مریض کو استعمال کرائیں۔ ۳ ہفتہ کے استعمال سے ناگفتہ بہ سختی قضیب میں پیدا ہو جائے گی۔

طلاء دیگر:

دھتورہ ۲ سیر لے کر کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ پھر اس میں ایک سیر تلوں کا تیل اور ۴ سیر پانی صاف ملا کر کڑاہی آہنی میں ڈال کر جوش دو۔ جب پانی بالکل جل جائے اور خالص تیل رہ جائے تو اتار کر کے شیشہ میں مضبوطی سے بند کر کے رکھ بوقت حاجت کے حشفہ چھوڑ کر مالش کرو مفید پڑے گا۔

طلاء دیگر:

منسل' جاوتری' سہاگہ' کوتھیہ شیریں' نسپال' اسگند' تخم السی' تخم گاجر' تخم مولی' تخم شلغم' موصلی' بہوپھلی' لونگ' عقر قرحا' جاوتری' خولنجان' کباب چینی' ہر ایک ۵ تولہ لے کر باریک کوٹ

چھان کر سفوف بنا دیں۔ جب سفوف تیار ہو جائے تو ۵ سیر پانی اور تلوں کے تیل میں ملا کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر خوب جوش دیں۔ اور جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر کسی شیشہ میں ڈال کر منہ اس کا مضبوطی سے باندھ کر رکھیں۔ مجلوق اور ست کو استعمال کرائیں' اوپر پان باندھیں۔ ۲ ہفتے کے استعمال سے کجی اور سستی دور ہو جائے گی۔

طلاء دیگر:

نسپال ایک سیر کو باریک پیس کر سفوف بنا دیں۔ جب سفوف تیار ہو جائے تو آدھ سیر تلوں کا تیل اور ۳ سیر پانی صاف اور تازہ ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور خالص تیل رہ جائے تو اُتار کر ٹھنڈا ہونے پر کسی شیشہ میں رکھو اور مجلوق وست مریض کے قضیب پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر ملو۔ شیر گرم کر کے اوپر پان باندھ دو' سستی اور کجی دور ہو جائے گی۔ اگر عورت کے پستانوں پر مالش کرو گے تو وہ بھی سخت ہو جائیں گے۔

طلاء دیگر:

پوست بیخ کنیر سفید' پوست بھنگڑہ' پوست بیخ اندرین' پوست بیخ دھتورہ' پوست بیخ بھنگ' پوست بیخ اونٹ کٹارہ' بیخ اثار' مغز تخم ارنڈ' تخم دھتورہ سیاہ' گل کنیر سفید' مال کنگنی' عقر قرحا' بچھناگ' گھونگچی سفید' کچلہ' دارچینی' جائفل' سم اسپ' زردی بیضہ مرغ' بیر بہوٹی' جونک' کرم جولا ہا ہر ایک ایک تولہ سب باریک کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ پھر ۳ پاؤ تلوں کا تیل اور ایک سیر دودھ بھینس اور ۳ سیر پانی ملا کر جوش دیں۔ جب پانی اور دودھ جل کر صرف تیل رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر مریض کے آلہ تناسل پر حشفہ چھوڑ کر ملو اور پان باندھو' مرض کافور ہو جائے گی۔

دوسری ترکیب یہ ہے کہ ان سب ادویہ کو نیم کوب کر کے بھینس کے دودھ میں ۳ روز تر رکھ کر آتشی شیشی سے چرہ نکال کر استعمال کرتے ہیں۔

طلاء نادرہ:

بیٹ کبوتر صحرائی ایک سیر پختہ دار شیشعان ڈیڑھ پاؤ' بیٹ کبوتر کو تین سیر پانی میں جدا اور

دار شیشعان کو ڈھائی سیر پانی میں جدا اُبالیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو ۳ شبانہ روز منتر نے تین پھر صاف شفاف پانی اول اور مطبوخ ثانی کا ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اس میں ایک پاؤ پختہ تیل ارنڈ اور ۱۵ تولہ پختہ تیل نکال کر خوب پکائیں۔ جب خالص تیل رہ جائے تو صاف کر کے شیشہ میں نگاہ رکھیں اور صبح شام اس کو مل کر ارنڈ کا پتہ اوپر باندھ دیں اور قریب ۱۰ ماشہ کے حلوائے مرغ کے ساتھ ملا کر کھلائیں میعادات دو ہفتہ سے ۳ ہفتہ تک ہے۔ مجرب ہے۔

طلاء دیگر:

از معمولات حکیم علو یخان۔

مور چہ سیاہ رنگ ایک سو عدد جو قبروں پر ہوتے ہیں۔ ان کو لے کر روغن سیماب یا روغن مغز پنبہ دانہ یا روغن کنجد ۲ چھٹانک میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ سات روز کے بعد کپڑے سے چھان کر شیشہ میں ڈال دیں۔ اور تھوڑا سا روغن قضیب پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مل دیں۔ اوپر برگ ارنڈ یا برگ پان باندھ دیں۔

فائدہ: تقویت سستی اعصاب قضیب و مضبوطی کمر مایوس العلاج مجرب ہے۔

طلاء عروسک:

بیر بہوٹی ۴۰ عدد مٹی کے برتن میں ڈال کر اس کے اوپر تلوں کا تیل اتنا ڈالیں جو اوپر تک دوائے مذکور کے آجائے۔ پھر برتن کا منہ مٹی سے لیپ کر کے بند کر دیں۔ اور برتن مذکور زمین کے اندر دبا دیں۔ بعد ایک مہینہ کے نکال کر کھرل میں ڈال کر خوب حل کریں پھر حل شدہ تیل کو شیشہ میں ڈال لیں۔ بوقت حاجت قضیب پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر ملیں اوپر سے برگ ارنڈ باندھیں ایک ہفتہ یہ عمل کریں۔ سرد پانی سے پرہیز کریں شدت حملہ پر جماع کریں۔

فائدہ: سستی قضیب تندہی اور انتشار کجی مجلوقی کو مفید ہے۔ مجرب ہے۔

روغن طلاء غوک:

جو جلقی، درازی، موٹائی قضیب میں بے نظیر اور مجربات میں سے ہے۔ مینڈک ۵ عدد ایک

بڑے برتن میں ڈال کر رکھیں جو پانی سے پُر ہو۔ پھر کچھوے آدھ سیر لے کر مینڈکوں کے آگے ڈال دیں۔ ایسے ۴۰ روز کریں۔ ان مینڈکوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پانی میں جوش دیں روغن اوپر آجائے گا وہ اُتار کر طلاء کریں۔ سہل ترکیب یہ ہے کہ پانی کو کسی بوتل میں بھر دیں۔ روغن اوپر خود بخود آجائے گا۔ تب اُتار لیں بعدہٗ طلاء کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔

طلاء دیگر روغن زرنیخ:

ہڑتال ورقی، پھٹکری، نمک لاہوری ہر ایک برابر جدا جدا پیس کر ۲۰ روز رکھیں اور ایک پیالہ چینی پر ایک کپڑا سخت مضبوط باندھ کر پہلے پھٹکری پھر نمک پھر ہڑتال ورقی کی تہ دے کر دوسرا پیالہ معکوس آہستہ سے اس پر رکھیں اور گل حکمت کریں۔ احتیاط رہے کہ نیچے اوپر نہ ہونے پائے پھر سرگین اسپ میں ۱۰ روز داب رکھیں۔ لید کی گرمی سے روغن دوسرے پیالہ میں ٹپک کر آجائے گا۔ اگر جلد نکالنا منظور ہو تو ایک کپڑا آٹے سے لیپ کر کے گل حکمت کریں۔ اس کے اوپر ایک توا آہنی رکھ کر آگ کوئلوں کی رکھیں۔ روغن ٹپک ٹپک کر دوسرے پیالہ میں آجائے گا۔

طلاء روغن شک:

سنکھیا سفید، ہڑتال ورقی، شنگرف، آملہ سار، مغز جمالگوٹہ، موم سفید ہر ایک ۲ ماشہ روغن گاؤ ۱۲ ماشہ۔ سب کو بارہ کھرل کر کے ایک حبہ کے برابر لے کر حشفہ چھوڑ کر ذکر پر ملیں۔ اوپر برگ پان باندھ دیں۔ ۳ روز غایت ایک ہفتہ تک یہ عمل کریں۔ سرد پانی سے پرہیز کریں۔ مجلوق کے لئے بے نظیر اکسیر ہے۔

روغن طلاء شک دیگر:

۱۵ انڈے مرغی کے لو اور تھوڑا گھی ڈال کر توے آہنی پر پکا دیں۔ جب سرخ ہونے پر آئیں آہنی چمٹوں سے دبا کر روغن نکال لیں۔ اس تیل انڈوں میں دو ماشہ سنکھیا باریک کوٹ چھان کر ملا دیں۔ اور شیشہ میں بند کر کے مضبوط کاگ لگا کر گیہوں کے انبار میں ۳ ہفتہ دبا کر خصیہ اور حشفہ چھوڑ کر مالش کریں۔

روغن سم الفار سیاہ:

سیاہ سنکھیا ۲ تولہ کو لے کر ۲ سیر روغن کنجد میں رکھ کر آگ پر چڑھا دیں جب کل تیل جذب ہو جائے۔ برتن کو آگ سے اُتار لیں اور وارد کو ایک چینی کے برتن میں رکھ کر شبنم میں رکھیں۔ سنکھیا تیل چھوڑ دے گا۔ وہ تیل مجلوق نامرد کار رفتہ کے قضیب پر حشفہ اور خصیہ اور سیون چھوڑ کر ایک ہفتہ تک طلاء کریں۔ مرض کافور ہو جائے گی۔ سرد پانی و استعمال ترشی سے پرہیز کریں۔

طلاء روغن زرنیخ:

زرنیخ ورقیہ پارہ، مغز جمالگوٹہ، مغز نارجیل ہر ایک ۴ ماشہ، قرنفل یعنی لونگ، جاوتری، دارچینی، ہر ایک ۲ ماشہ۔ تلوں کے تیل چار تولہ میں سات روز کھرل کر کے شیشہ میں رکھیں اور تھوڑا سا لے کر قضیب پر ملیں۔ اوپر برگ ارنڈ باندھ دیں۔

طلاء دیگر:

ریگ ماہی، کیچوے، سرطان، عقرقرحا، بیخ کنیر، سفید گھنگچی، مینڈک کلاں، جونک، ورل صحرائی، برابر لے کر جو کوٹنے کے قابل ہیں کوٹیں۔ اور حیوانات کا قیمہ کر کے باہم ملا دیں اور شیشہ آتشی میں بدستور روغن کھینچیں۔ ایک کوڑی کے برابر قضیب پر ملیں۔ اور برگ پان اوپر باندھ دیں ۴۰ روز یہ عمل متواتر رکھیں۔ سرد پانی سے پرہیز کریں۔

طلاء دیگر:

روغن قرنفل ۵ تولہ، لونگ ۵ تولہ، دارچینی ۵ تولہ، پوست انار شیریں ۵ تولہ، سفید کنیر کی جڑ ۵ تولہ، حرمل ۱۰ تولہ۔

ان سب اجزاء کو باریک کوٹ کر ۵ سیر پانی اور پاؤ بھر تیل تلوں میں ملا کر جوش دیں جب سب پانی خشک ہو جائے اور تیل رہ جائے تو تیل کو نکال کر کسی شیشہ میں احتیاط سے صاف کر کے رکھیں۔

تھوڑا تھوڑا لے کر مجلوق یا کار از رفتہ کے قضیب پر ملیں شفا ہو جائے گی۔ ۳۰ ہفتہ تک

استعمال کریں۔ پرہیز سرد پانی اور جماع سے تا استعمال کریں۔ بڑا مفید ہے۔

روغن طلاء عجیبہ:

عقرقرحا ایک تولہ دارچینی ایک تولہ، لونگ ایک تولہ، لوبان ایک تولہ، کوٹیہ ایک تولہ، چھچھوٹی ۲ تولہ، تیل جل ۲ چھٹانک سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر آدھ سیر پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو صاف کر کے شیشے میں رکھیں اور تھوڑا تھوڑا مجلوق کو ہر روز مالش کریں۔ ۳ ہفتے میں بالکل آرام ہو جائے گا۔

باب ہشتم:

فصل اوّل

شربت ہائے مقوی باہ

شربت گاجر:
پہلے گٹھلی اور چھلکہ سے صاف کی ہوئی گاجریں ۵ سیر لو۔ ۴ تولہ دانہ مہتری اور سات سیر پانی ملا کر ایک قلعی دار برتن میں ڈال کر منہ اس کا آٹے سے بند کر دیں اور نرم آنچ دے کر پکائیں۔ جب سرد ہو جائے تو حل کر آب گاجر کو ایک سفید کپڑے میں چھان کر نکال لو۔ پھر برابر کی شہد ڈال کر قوام پکاؤ۔ پھر ایک پوٹلی میں سنبل، خولنجان، قرنفل، دارچینی ہر ایک ڈیڑھ تولہ، زعفران ۹ ماشہ باندھ کر ایک سیر پانی میں ڈال کر جوش دو۔ اور پوٹلی کو ہاتھ سے ملتے رہو تا کہ کل اثر ادویہ کا پانی میں آجائے جب چہارم پانی سوکھ کر رہ جائے تو عرق مذکور قوام میں ملا دیں۔ جب قوام شربت تیار ہو جائے اتار کر شیشوں میں احتیاط سے رکھیں۔
خوراک ۳ تولہ سے ۵ تولہ، ۲۱ یوم تک ہے۔ پرہیز ترشی۔

شربت سیب:
جو مقوی قلب و دماغ و باہ ہے۔
سیب کشمیری ۲ آثار لے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ۱۰ سیر پانی میں ڈالیں پھر ادویہ ذیل خولنجان، عقرقرحا، دارچینی، گلاب ہر ایک ۳ تولہ اور زعفران ۹ ماشہ ملا کر ۳ سیر عرق کھینچ لیں جب عرق تیار ہو جائے تو ۵ سیر چینی سفید کو دودھ سے بگھار کر عرق مذکور میں ملا کر قوام پکاؤ۔
خوراک ۳ تولہ سے ۵ تولہ۔

فصل دوم

فالودہ مقوی باہ

فالودہ مقوی بیضوی:
بیضہ مرغ ۲۰ عدد، برنج اعلیٰ سفید ۱۰ تولہ، خشخاش ۵ تولہ، گندم ۳ تولہ، بادام ۵ تولہ، پستہ ۵ تولہ، عرق کیوڑہ ۵ تولہ، عرق گلاب ۵ تولہ، مغز چلغوزہ ۳ تولہ، شیر مادہ ایک سیر، مصری توی ۵ چھٹانک۔
باستثنائے انڈوں اور عرقوں کے سب اجزاء کو کسی قلعی دار صاف برتن میں صاف پانی میں رات بھر بھگو رکھیں۔ صبح دوری ڈنڈے سے خوب رگڑ کر دودھی نکال لیں۔ فضلہ پھینک دیں پھر دودھی ادویہ کو شیر خام اور عرقیات میں ملا کر کسی صاف قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں نرم آنچ پر پکاتے جائیں اور انڈوں کو معہ زردی سفیدی کی ملا کر خوب حل کریں تا کہ برتن کو نہ لگ جائے جب نصف پک جائے تو مصری توی ۵ چھٹانک پیس کر ڈال دیں اور گاڑھا ہو جانے پر اُتار کر کولون میں یا پیالوں میں ڈال دو۔ خود بخود جم جائے گا۔ سرد ہونے پر جس قدر طبیعت برداشت کر سکے کھاؤ، قوت مردانگی کی یہ شاہی غذا ہے۔

فالودہ دوم:
زردی بیضہ مرغ سات عدد، جاوتری ۹ ماشہ کو لے کر آدھ سیر دودھ گائے میں حل کرو۔ پھر ۳ پاؤ دودھ گائے، ۲ چھٹانک آب انگور اور ۲ چھٹانک مسکہ میں سفوف عقرقرحا، دارچینی، لونگ، جائفل، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک پون ماشہ کو کھرل کرو جب یک جان ہو جائیں۔ شیرہ نکال کر نرم آنچ پر قوام فالودہ بنائیں اور قوام مذکور میں مصری ڈھائی چھٹانک ڈالیں۔ جب قوام پختہ ہو جائے تو ایک طشت میں جما دیں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے چاقو سے کر کے دودھ اور مصری کے ساتھ بوقت عصر کھائیں اور کوئی غذارات کو نہ کھائیں۔ اگر اشتہاء ہو تو صرف دودھ پی لیں۔
فائدہ: ہر دو فالودہ تقویت باہ و تولید منی میں بے نظیر۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے اکسیر ہے۔ مجلوق اور سست کو لطف زندگی تازہ کا مزہ دیتے ہیں۔

فصل سوم

پنڈی

جہت قوت باہ و مغلظ منی

پنڈی نمبر۱:

ماش کی دال مقشر کا آٹا' نشاستہ' جو کا آٹا' چاول کا آٹا' ہر ایک ۳ چھٹانک لے کر ڈیڑھ پاؤ گھی میں بھونیں پھر ۳ پاؤ چینی سفید کا قوام بنا کر اور مگھاں ۴ ماشہ کا سفوف اور مغز بادام مقشر' مغز پستہ' مغز اخروٹ' (الائچی خورد ہر ایک ۲ تولہ ڈال کر لڈو بنائیں) اور ورق نقرہ و طلاء حسب مرضی شامل کریں۔

پنڈی نمبر۲:

گل سپاری' گوکھرو' مائیں کلاں' کمرکس' کمرتوڑ' پوست درخت کیکر' پوست درخت کینجلال پوست درخت فالسہ' گل دھاوا' تالمکھانہ' مغز بادام' مغز پستہ' مغز نارجیل' مغز خرما' ہر ایک تولہ ان سب کو جدا جدا کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں اور گوند کو گھی میں بریاں کر کے سفوف بنائیں۔ پھر میدہ گھی کو ڈیڑھ پاؤ روغن زرد میں بھونیں۔ جب سرخ ہو جائے۔ تو ایک سیر چینی سفید کے قوام میں لڈو بنائیں۔

فصل چہارم

جہت پوٹلی مجلوق و مفلوج

پٹی نمبر۱:

عقرقرحا' سیماب ہر ایک ۶ ماشہ دودھ مدار یعنی آک ۱۰ ماشہ۔ روغن گائے و شہد خالص ڈیڑھ تولہ سب کو بارہ پہر کھرل کر کے تین قطعات کپڑوں پر لگا دیں۔ حاجت کے وقت ایک پارچہ قضیب پر رکھ کر اوپر سے پان کا پتہ باندھ دیں۔ اسی طرح ہر سہ پارچات یکے بعد دیگرے تبدیل کرتے رہیں۔

پٹی نمبر۲:

ایک کپڑا باریک لو اور اس کو آک کے دودھ میں تر کر کے گندھک آملہ سار' گھونگچی سفید' سوہاگہ' حیلہ ہر ایک سات ماشہ' سنبل سفید' ہڑتال طبقی ہر ایک سوا ماشہ۔ گائے کا گھی ۶ تولہ۔ کل اجزاء کو باریک کوٹ چھان کر گھی میں ملا کر کپڑا اندکور پر لیپ کریں اور وہ کپڑا ذکر مجلوق کے اوپر رکھ کر اوپر اس کے پان باندھ دیں۔ اگر آبلہ پڑے تو مسکہ تازہ لگائیں۔

پٹی نمبر۳:

کیچوے صاف کئے ہوئے ۵۰ عدد لو اور ان کو ایک سیر تیل تلوں میں جلا کر علیحدہ رکھو۔ پھر تخم مولی ۵ چھٹانک لے کر آدھ سیر گھی میں ملا ل کر کے نکال لو۔ پھر ہر دو اجزاء بریان شدہ جدا رکھ کر تیل اور گھی کو ملا دو۔ اور آگ پر رکھ کر جوش دو۔ دوران جوش میں چربی شیر' چربی خوک' چربی مچھلی' چربی سانپ سیاہ ہر ایک سوا تولہ' کیکڑا سات تولہ' مغز سر مرغ' مغز سر کنجشک خانگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ ڈال دیں۔ جب اجزاء حل ہو کر یک جان ہو جائیں۔ تو سفوف کیچوے اور تخم مولی بریان میں سفوف لونگ دارچینی ہر ایک ۲ تولہ ملا کر گھی کے ساتھ کسی باریک پارچہ پر لگا کر ذکر مجلوق پر باندھ دیں اور اوپر سے پان باندھیں ایک ہفتہ تک یہ عمل کریں صحت کامل ہوگی۔

فصل پنجم

جہت ٹکور مجلوق

ٹکور نمبر۱:

رائی، حرمل، مالکنگنی، تل سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹ چھان ۳ پوٹلیاں بنائیں۔ اور آدھ سیر تل کے تیل کو چمچے میں خوب گرم کریں۔ اور ہر سہ پوٹلیاں اس میں ڈال دیں۔ پھر نکال کر اس قدر گرم جو مریض سہار سکے۔ جڑ قضیب اور ران پیڑو پر سینک کریں۔

ٹکور نمبر۲:

برادہ دندان فیل ۵ ماشہ، مال کنگنی ۸ ماشہ، کنجد سیاہ و چربی بکرا ہر ایک ۸ ماشہ۔ دودھ بھیڑ کا بطور ضرورت۔ تمام دوائیوں کو کوٹ کو پوٹلیاں بنائیں اور بھیڑ کے دودھ کو گرم کریں اور پوٹلیاں اس میں چھوڑ دیں۔ جب گرم ہو جائیں قضیب اور پیڑو کو پشمون کی جگہ پر سینکیں۔ یہ عمل ۲ ہفتہ تک متواتر کریں۔

فصل ششم

ضماد مقوی وملذذ

ضماد نمبر۱:

بیر بہوٹی تازہ اس قدر بھڑ کا چھتہ لے کر روغن کنجد میں ملا کر ضماد کریں۔

ضماد نمبر۲:

سانپ کی چربی اور مچھلی کی چربی اور جنگلی سور کی چربی بکری کے پیشاب میں ۳ روز کھرل کر کے لیپ کریں۔

ضماد نمبر۳:

چمگادڑ کا خون ملیں۔

ضماد نمبر۴

راہو مچھلی کی چربی ملیں۔

ضماد نمبر۵:

چوہے کی مینگنیاں شہد میں ملا کر کے ضماد کریں۔

ضماد نمبر۶:

آب برگ اننگن سرکہ میں کھرل کر کے ضماد کریں۔

ضماد نمبر۷:

عقرقرحا باریک پیس کر شہد میں ملا کر ضماد کریں۔

ضماد نمبر۸:

عقرقرحا، لونگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ باریک پیس کر پانی میں گھول کر ضماد کریں۔

فصل ہفتم

جہت یاقوتی مقوی باہ

یاقوتی نمبر ۱:

موتی ان بدھ ۵ ماشہ، جڑ مونگا ۵ ماشہ، ریشم خام ۵ ماشہ، عود خام ۲ ماشہ، طباشیر ۲ ماشہ، ساذج ہندی ۱۰ ماشہ، سنبل الطیب ۱۰ ماشہ، زعفران ایک ماشہ درونج عقربی ایک ماشہ، بہمن سفید ایک ماشہ، بہمن سرخ ایک ماشہ، اوشنا ایک ماشہ، مگھاں ایک ماشہ، جائفل ایک ماشہ، جاوتری ایک ماشہ، قرنفل ایک ماشہ، مصطگی رومی ایک ماشہ، مشک ایک ماشہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، شہد ۵ تولہ مصری توی ۶ تولہ۔

فصل ہشتم

مفرد ادویہ و مقدار خوراک

جہت قوت باہ

تخم شلغم ۶ ماشہ، تخم ترب ۶ ماشہ، بہمن سرخ ۶ ماشہ، بہمن سفید ۶ ماشہ، بوزیدان ۶ ماشہ، ثعلب ۶ ماشہ، شقاقل ۶ ماشہ، تودری ۶ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، اندر جو شیریں ۶ ماشہ، جاوتری ۲ ماشہ دارچینی ۳ ماشہ، سلیخہ ۶ ماشہ، ساذج ہندی ۶ ماشہ، مشک کستوری ۲ ماشہ، مصطگی ۳ ماشہ، کندر ۴ ماشہ، مغز حب القطن ایک تولہ، مغز بادام ایک تولہ، مغز پستہ ایک تولہ، مغز نارجیل ایک تولہ، مغز اخروٹ ۶ تولہ، گھونگچی سرخ ۳ ماشہ۔

ہر ایک مفرد دوا کے ساتھ شیر مادہ گاؤ آدھ سیر مصری ڈال کر پینا مفید ہے۔